تعارف و تبصرہ

خاص شمارے:

پاکستان کے مختلف رسالوں نے اور تقریباً سارے ھی اخبارات نے ۲۲ فروری ۱۹۷۴ء کو لاھور میں منعقد ھونے والی اسلامی کانفرنس مسلم سربراھان کے تاریخی موقع پر خوبصورت، رنگین اور معلومات آفرین خاص شمارے شایع کئے، ان کے علاوہ بعض اداروں نے بھی معلومات آفرین کتابچے شایع کئے۔

ان خاص شماروں اور کتابچوں میں شریک ھونے والے ممالک کے حالات، ضروری اعداد شمار، اشخاص اور عمارتوں کی تصاویر کے علاوہ عربی، اردو اور انگریزی میں قابل قدر مضامین شایع کئے گئے۔ اردو رسالوں نے خصوصیت کے ساتھ ان خاص شماروں میں عربی و انگریزی کے صفحات شایع کئے ھیں، حسب ذیل رسالوں کے خاص شمارے اور کتابچے ھمیں وصول ھوئے ھیں۔

المنبر: لائلپور۔

نوید بہار: لاھور۔

اھل حدیث: لاھور۔

الہلال: راولپنڈی۔

خدام الدین: لاھور۔

مسلم ولڈ (انگریزی): کراچی۔

اقبال نمبر:

علامہ اقبال مرحوم فیلسوف شاعر اسلام کی وفات ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو لاھور میں ھوئی تھی، اور وھیں شاھی مسجد کے باھر چبوترے پر ان کا مقبرہ بنا ھے۔ اقبال کی سالانہ برسی کے موقع پر اکثر اردو رسالے علامہ اقبال

کی تعلیمات پر مشتمل مضامین اور ان سے متعلق مقالات کے خاص شمارے شایع کرتے ھیں ۔ چنانچه امسال بھی ایسے خاص شمارے شایع کئے گئے ھیں ۔

لاھور کے مشہور دینی رساله میثاق نے بھی اپنی اشاعت اپریل ۱۹۷۳ء کو علامه اقبال مرحوم کی یاد سے وابسته کرکے اشاعت خاص قرار دیا ھے۔ اگرچه اس رساله میں مولانا امین احسن اصلاحی کی تفسیر تدبر قرآن کا ایک حصه بھی شامل ھے، اس لئے که یه تفسیر کتابی صورت میں شایع ھونے سے رساله میثاق میں چھپتی رھتی ھے ۔ لیکن اس حصه کے سوا تبصره اور تین مقالات میں سے دو مقالے علامه اقبال مرحوم سے متعلق ھیں، اور اچھے ھیں ۔

اتحاد العلماءؒ کے کتابچے :

اتحاد العلماء پاکستان لاھور کی طرف سے ۶ کتابچے موصول ھوئے ھیں جو تمام تر قادیانیوں سے متعلق ھیں ۔ یه کتابچے مرکزی دفتر جمعیته اتحاد العلماء پاکستان، رشید پارک، اچھره، لاھور سے دستیاب ھوسکتے ھیں۔

اسلامک مشن کے کتابچے :

اسلامک مشن، سنت نگر نے متعدد تبلیغی کتابچے ارسال کئے ھیں ۔ یه سب کتابچے نہایت توجه کے ساتھ لکھے گئے ھیں اور ساده انداز میں، اسلامی عقاید و احکام کو مسلموں اور غیر مسلموں تک پہنچانے کے لئے کارآمد ثابت ھوسکتے ھیں ۔ اسلامک مشن ،سنت نگر، لاھور سے حاصل کئے جاسکتے ھیں ۔